© rasailojaraid.com



جناب شفیق الدین فاروقی

# دارالعلوم کے شب وروز

## دارالعلوم کے نئے تعلیمی سال کا آغاز اور افتتاحی تقریب:

الحمدللہ ۵ ستمبر ۲۰۱۲ء بروز بدھ کو دارالعلوم کے نئے تعلیمی سال کا باقاعدہ آغاز ہوا۔اس سے قبل دارالعلوم کے تمام درجات میں کثیر تعداد میں خالصتاً میرٹ اور وفاق المدارس کی اسناد کی بنیاد پر داخلے ہوئے اور باوجود سخت امتحان (انٹری ٹسٹ) اور قواعد وضوابط کے صرف شعبہ درس نظامی میں تین ہزار سے زائد طلباء کے اس سال الحمدللہ داخلے مکمل ہوئے۔جن میں صرف دورہ حدیث کے طلباء کی تعداد ہزار سے زائد ہے جب کہ وسائل کی کمی اور حالات کی خرابی کی وجہ سے نہایت سخت قیود وشرائط کا لحاظ رکھا گیا تھا۔افتتاح کے موقع پر دارالعلوم کے تمام اساتذہ' مشائخ وطلباء ایوان شریعت (دارالحدیث) کے وسیع وعریض ہال میں جمع تھے۔حسب سابق پہلے اجتماعی طور پر قرآن خوانی کا اہتمام کیا گیا۔پھر اس کے بعد حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے درس حدیث ترمذی سے باقاعدہ اسباق کا آغاز کیا۔اس موقع پر آپ نے طلباء سے فضیلت علم' علماء طلباء کی ذمہ داریاں' پابندی اوقات اور موجودہ نئے حالات میں دینی مدارس اور علماء و طلباء کو درپیش نئے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کیلئے بھرپور علمی تیاریوں کے بارے میں نصیحت آموز اور سیر حاصل خطاب فرمایا۔ بعد ازاں نائب مہتمم حضرت مولانا انوارالحق صاحب مدظلہ نے تفصیلی اور ہدایات سے بھرپور جامع خطاب فرمایا۔دارالعلوم حقانیہ وفاق المدارس اور مولانا عبدالمجید صاحب (ناظم دفتر وفاق) کا شکریہ ادا کرتا ہے کہ جنہوں نے ہزاروں طلباء کے اسناد کی تصدیق کے سلسلے میں دارالعلوم کے ساتھ مکمل تعاون کیا اور شفاف داخلوں میں دارالعلوم کی معاونت کی۔

## حضرت مہتمم صاحب اور دیگر اساتذہ کرام کا سفر حرمین:

الحمدللہ امسال بھی حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ' شیخ الحدیث حضرت مولانا مغفوراللہ صاحب' شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب' صاحبزادہ مولانا حامدالحق حقانی صاحب' مولانا سید یوسف شاہ' صاحبزادہ مولانا عرفان الحق صاحب' مولانا سیدالرحمٰن صاحب' مولانا مفتی شیر عالم صاحب' مولانا احسان الکریم صاحب' صاحبزادہ خزیمہ سمیع صاحب نے حرمین شریفین کی سعادت حاصل کی۔

## دارالعلوم کے مخلصین کو صدمہ:

دارالعلوم دیوبند کے قدیم فاضل شیخ الحدیث حضرت غریب اللہ' بانی و مہتممین دارالعلوم مجددیہ مانکی صوابی' پچانوے سال کی عمر میں انتقال فرما گئے۔موصوف جید عالم دین اور ممتاز مدرس اور نامور مذہبی شخصیت تھے۔حضرت مہتمم صاحب مدظلہ اساتذہ کے ہمراہ ان کے ہاں تعزیت کیلئے تشریف لے گئے۔

جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے قدیم ممتاز' فاضل عالم دین حضرت مولانا غلام یحیٰ ساکن قطب گڑھ شیر گڑھ مورخہ

© rasailojaraid.com